**24-12-2024**

**2115 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

**Music**

..............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ذہن میں بنیادی تبدیلی لائے جانے پر زور دیا ہے تاکہ **2047** تک وکست بھارت کو حاصل کیا جاسکے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے نیشنل کرائم ریکارڈس بیورو کے ساتھ تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کا جائزہ لیا۔

☆ صدرجمہوریہ اور نائب صدرجمہوریہ نے کرسمس کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

☆ مشہور ومعروف صدابہار گلوکار محمد رفیع کو آج اُن کی **100** ویں سالگرہ پر یاد کیا جارہا ہے۔

☆ بین الاقوامی کرکٹ کونسل نے پاکستان اور متحدہ عرب امارات کی مشترکہ میزبانی میں مردوں کی چمپئن ٹرافی **2025** کیلئے تاریخوں کا اعلان کردیا ہے۔

☆ اورخواتین کرکٹ میں، میزبان بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا دوسرا ایک روزہ بین الاقوامی میچ وڈودرہ میں کھیلا جارہا ہے۔

..............................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

**PM ECONOMIST**

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ذہن میں بنیادی تبدیلی کے ذریعہ وکست بھارت کو حاصل کیا جاسکتا ہے جس میں 2047 تک بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ انہوں نے آج نئی دلی میں نیتی آیوگ میں مرکزی بجٹ 26-2025 کے لئے تیاریوں کے سلسلے میں سرکردہ اقتصادی ماہرین اور مفکرین کے ایک گروپ کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ یہ میٹنگ، عالمی غیریقینی صورتحال

کے وقت میں بھارت کی بڑھتی ہوئی ترقی کو برقرار رکھنے کے موضوع پر منعقد کی گئی ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔

V/C ANUPAM

میٹنگ کے دوران شرکاء نے متعدد اہم معاملات پر اپنے نظریات پیش کئے۔ ان میں عالمی اقتصادی غیر یقینی صورتحال اور جغرافیائی سیاسی کشیدگیوں، خاص طور سے نوجوانوں کے روزگار میں اضافہ کرنے کی حکمت عملیوں اور مختلف شعبوں میں پائیدار نوکریوں کے مواقع پیدا کرنے، تعلیم کو تربیتی پروگراموں کے ساتھ منسلک کرنے اور جاب مارکیٹ کی بڑھتی ہوئی ضرورتوں جیسے چیلنجز کا سامنا کرنے جیسے معاملات شامل تھے۔

زرعی پیداواریت میں اضافہ اور دیہی روزگار کے مواقع، نجی سرمایہ کاری کو کو راغب کرنے اور معاشی ترقی کو مستحکم کرنے کے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں کیلئے عوامی فنڈز حاصل کرنے اور نوکریاں پیدا کرنے نیز برآمدات میں اضافہ اور غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے جیسے موضوعات پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔

اس بات چیت میں معروف ماہر اقتصادیات اور تجزیہ کاروں نے حصہ لیا۔ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن، نیتی آیوگ کے نائب چیئرمین سُمن بیری، CEO بی وی آر سبرامنیم اور دیگر اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔x

**SHAH REVIEW MEETING NCRB**

وزیر داخلہ امت شاہ نے نئی دلی میں نیشنل کرائم ریکارڈ بیورو NCRB کے ساتھ تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ پر ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران جناب شاہ نے NCRB سے کہا کہ وہ انٹرآپریبل کرمنل جسٹس سسٹم دو اعشاریہ صفر کے ساتھ نئے فوجداری قوانین کے مکمل نفاذ کو آسان بنائیں۔ وزیر داخلہ نے یہ بھی کہا کہ تمام فوجداری مقدمات کیلئے مقررہ مراحل اور اوقات کے مطابق رجسٹریشن سے کیس کے حل تک آسانی پیدا کی جانی چاہئے تاکہ متاثرین اور شکایت کنندگان کو فائدہ ہو۔ انہوں نے e-Sakshya، نیائے شروتی، e-Sign اور ای سمن کو ہر ریاست اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں استعمال کرنے پر زور دیا۔ وزیرداخلہ نے اس موقع پر اتراکھنڈ میں تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کا بھی جائزہ لیا۔

انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت کے تحت تین نئے قوانین شہری حقوق کے محافظ اور انصاف کی فراہمی کو آسان بنانے کی بنیاد بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ نئے قوانین متاثرین اور شہریوں پر مرکوز ہیں اور ان کو فوری طور پر نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔ جناب شاہ نے اتراکھنڈ کے وزیراعلی پشکر سنگھ دھامی سے کہا کہ وہ نئے فوجداری قوانین کو 100 فیصد جلد ازجلد نافذ کرے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ اتراکھنڈ کے وزیراعلی کو ہر پندرہ دن میں تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کی پیش رفت کا جائزہ لینا چاہئے جبکہ چیف سکریٹری اور ڈی جی پی کو سبھی متعلقہ محکموں کے اہلکاروں کے ساتھ ہفتے میں ایک مرتبہ جائزہ لینا چاہئے۔ X

**Shah AgricultureCoopration**

امداد باہمی کے مرکزی وزیر جناب امت شاہ کل نئی دلّی میں 10 ہزار سے زیادہ نوتشکیل کردہ کثیر ابتدائی زرعی امدادِ باہمی کی انجمنوں، ڈیری و ماہی پروری امدادِ باہمی ملک کو وقف کریں گے۔ وہ امداد باہمی کی قومی کانفرنس کے دوران، نئی تشکیل شدہ امداد باہمی انجمنوں کو رجسٹریشن، توثیق نامے، Rupay کسان کریڈٹ کارڈز اور مائیکرو ATMs

بھی تقسیم کریں گے۔ یہ مالی عوامل، پنچایتوں میں قرض فراہم کرنے کی خدمات تک آسان رسائی فراہم کرنے اور مالی شمولیت کو فروغ دینے نیز دیہی آبادی کو مختلف اسکیموں سے فائدہ حاصل کرنے اور ملک کی معاشی ترقی کے فروغ میں آسانی فراہم کرتے ہیں۔ نئی کثیر مقصدی ابتدائی زرعی امداد باہمی انجمنیں (PACS)، دیہی علاقوں میں، امدادِ باہمی اداروں کی ترقی کو فروغ دیں گی۔

نئی تشکیل شدہ PACS میں قرض فراہم کرنے والی سوسائیٹیز، ڈیری و ماہی پروری امداد باہمی شامل ہیں۔

یہ انجمنیں نہ صرف مالی خدمات فراہم کریں گی بلکہ دیہی برادریوں کیلئے ایک ساتھ آنے اور ملک کر کام کرنے کیلئے ایک پلیٹ فارم بھی فراہم کریں گی۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے 'سہکار سے سمردھی' کے ویژن کو حقیقت میں بدلنے کیلئے جناب شاہ نے اگلے پانچ برس میں پورے ملک میں ہر پنچایت میں ایک امدادِ باہمی ادارہ قائم کرنے کا مقصد مقرر کیا ہے۔ x

## PREZ CHRISTMAS

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدرجمہوریہ نے کرسمس کے موقع پر شہریوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدرجمہوریہ نے اس بات پر زور دیا کہ لوگ زندگی میں پیار اور یکجہتی کے عیسی مسیح کے پیغام کو اپنائیں۔ صدرجمہوریہ نے مزید کہا کہ سبھی کیلئے بھائی چارے اور فلاح وبہبود کی تعلیمات ایک بہتر دنیا کا راستہ دکھاتی رہیں گی۔ صدرجمہوریہ نے کہا کہ یہ فیسٹول اتحاد اور امن کو پروان چڑھانے کی ترغیب دیتا ہے۔ صدرجمہوریہ نے اس امید کا اظہار کیا کہ امن کے اس فیسٹول میں بھروسے اور معاف کردینے کی طاقتیں دنیا میں لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لائیں گی۔x

## Mizoram Chrismas

میزورم، کل کرسمس کا تہوار منانے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ گرجا گھروں، سڑکوں، قصبوں اور گاؤوں کو حضرت عیسیٰ مسیح کی پیدائش کے استقبال کیلئے سجایا گیا ہے۔

ریاست میں یہ تہوار دو دن منایا جاتا ہے۔ یہاں دوسرے دن دعوتوں اور پارٹیوں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ میزورم، کرسمس تہوار کو مذہبی عقیدت اور روایتی جوش و خروش سے منانے کیلئے جانا تا ہے۔

VC- Gin Gante Aizwal

میزورم میں دسمبر ماہ ہمیشہ سے ہی خصوصی اہمیت کا حامل رہا ہے۔ دسمبر شروع ہوتے ہی لوگوں میں تہوار کا جذبہ بڑھتا جاتا ہے۔ گرجا گھروں کو نہایت خوبصورتی سے سجایا جاتا ہے اور پہاڑی ریاست کا گوشہ گوشہ کرسمس کے موقع پر گائے جانے والے خوشی کے گیتوں سے گونج اٹھتا ہے۔ گاؤوں، شہر اور دفاتر کرسمس کے خصوصی درخت سے سجائے جاتے ہیں۔ اس دوران گرجا گھروں سے وابستہ اداروں، غیر سرکاری تنظیموں جیسے YMA اور لوگوں نے غریب و ضرورتمندوں میں تحائف تقسیم کیے۔

گورنر ڈاکٹر ہری بابو کم بھم پتی اور وزیر اعلیٰ Lalduhma نے مختلف یتیم خانوں اور دیکھ بھال کے مراکز کیلئے عطیہ دینے کے عمل میں ریاست کے لوگوں کی قیادت کی۔

کرسمس، امن و یکجہتی کے جذبے کو اپنانے اور مدد کرنے کی علامتی ہے۔

**Rajnath Yogi Atal Yuva Mahakumh**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کے 100 ویں یومِ پیدائش کی تقریبات کے حصے کے طور پر آج لکھنؤ میں اٹل یووا مہا کنبھ اور اٹل ہیلتھ میلے کا افتتاح کیا۔ وزیر دفاع اور وزیر اعلیٰ نے لکھنؤ میں 662 کروڑ روپے مالیت کے 181 ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح یا اور سنگ بنیاد رکھا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر دفاع نے اٹل بہاری واجئی کی منفرد شخصیت اور ان سے وابستہ یادوں کا ذکر کیا۔ انھوں نے کہا کہ اٹل جی کی زندگی اور نقطۂ نظر آج بھی تحریک کا وسیلہ ہیں۔

S/B: Rajnath Singh

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ یہ تقریبات بھارت رتن سے سرفراز اٹل جی کے تئیں ملک و ریاست کی محبت کو ظاہر کرتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ پورا مہا کنبھ، بھارت کے سناتن دھرم کی روایت میں کنبھ کے اہتمام کے ساتھ وابستہ یادوں کو تازہ کرتا ہے۔

وزیر دفاع جناب راج ناتھ سنگھ کل لکھنؤ میں سُشاسن دِوس پروگرام میں شرکت کریں گے۔ x

**MOHF RAFI BIRTH ANNIVERSARY**

دنیا بھر میں مشہور و معروف بھارت کے مایہ ناز صدابہار گلوکار محمد رفیع کی آج 100 ویں سالگرہ ہے۔ آکاشوانی نے انہیں خصوصی طور پر خراج عقیدت پیش کیا۔

V/C ANKITA APTE

یقیناً ہم محمد رفیع اور ان کے گانوں کو کبھی نہیں بھلا سکتے۔ ان کے گانوں نے ہرنسل پر اپنی انمٹ چھاپ چھوڑی ہے خواہ وہ ریڈیو پر گانے سننے والی نسل ہو، یا واک مین، i-Pods اور اب Spstify پر گانے سننے والے آج کے بچوں ہوں۔ محمد رفیع ایک ایسی کلاسیک شخصیت ہے، جن کیلئے ہر ایک کے دل میں خصوصی جگہ ہے۔ ان کے گائے ہوئے نغمے خواہ وہ اوریجنل فارم ہوں یا remix، ہر موقع پر سنے جاسکتے ہیں۔ وہ ہمہ گیر صلاحیتوں کے مالک تھے۔ محمد رفیع کے سنجیدہ نغمے ہوں یا شوخی، قوالی ہو یا حب الوطنی کے گیت، ہر طرح کے نغمے اپنے آپ میں لاثانی ہیں۔x

**PM RAFI**

وزیراعظم نریندرمودی نے آج آزمودہ کار گلوکار محمد رفیع کو اُن کی 100 ویں سالگرہ پر یاد کیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہاکہ رفیع صاحب موسیقی کا زبردست ہنر رکھتے تھے اور یہ ثقافتی اثر نسل درنسل کو منتقل ہوا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ رفیع صاحب کے نغمے مختلف جذبات اور احساسات پر کھرے اترنے کیلئے پسند کئے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ وہ ہمہ گیر شخصیت کے مالک تھے۔ جناب مودی نے اس امید کا اظہار کیا کہ رفیع صاحب کے گائے نغمے لوگوں کی زندگیوں میں مسرت کا احساس کراتے رہیں گے۔ X

**SHYAM BENGEGAL CREMATION**

آزمودہ کار فلم ساز شیام بینیگل کی آج سہ پہر ممبئی کے دادر میں شیواجی پارک کریمیشن گراؤنڈ میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ آخری رسوم ادا کی گئیں۔ 90 سالہ فلم ساز نے کل شام ممبئی کے ایک اسپتال میں آخری سانس

لی جہاں انہیں گردے کی شدید بیماری کے علاج کیلئے داخل کیا گیا تھا۔ شیام بینیگل کی اہلیہ نیرا اور بیٹی Pia بھی اس میں شامل ہوئیں۔ شیام بینیگل بھارتی سنیما میں اَنکُر، منڈی، نشانت اور جنون جیسی اپنی صدابہار کلاسیکی فلموں کیلئے جانے جاتے ہیں۔ اُنھوں نے قومی اور ساتھ ہی ساتھ بین الاقوامی سطح پر اپنے کام کے صلے میں بہت سے ایوارڈ حاصل کئے۔ جناب بینیگل کو 1976 میں پدم شری اور 1991 میں پدم بھوشن سے نوازا گیا۔ 2005 میں آزمودہ کار فلم ساز کو بھارتی سنیما کا اعلی ترین اعزاز دادا صاحب پھالکے ایوارڈ دیا گیا۔ X

## National Consumer Day

آج صارفین کا قومی دن منایا جارہا ہے۔ ملک میں صارفین کے نقل وحمل کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے ہر سال یہ دن منایا جاتا ہے۔ آج ہی کے دن صارفین کے تحفظ کے ایکٹ 1986 کو صدارتی منظوری ملی اور اسے نافذ کیا گیا۔ اس سال کا موضوع ہے'' ورچوئل ہیرنگ اور ڈجیٹل ایکسیز ٹو کنزیومر جسٹس''۔

V/C - PRIYA

صارفین کے قومی دن کے موقعے پر آج صارفین کے امور کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے ورچوئل وسیلے سے مختلف اقدامات کا آغاز کیا جن کا مقصد ای- کامرس پلیٹ فارمس پر غیر قانونی سرگرمیوں کی نشاندہی کرنا اور صارفین کو بااختیار بنانا ہے۔ جناب جوشی نے صارفین کے تحفظ اور ای- کامرس پلیٹ فارمس پر غلط طور طریقوں کی نشاندہی کی خاطر ''جاگو گراہک جاگو ایپ ، جاگرتی ایپ اور جاگرتی ڈیش بورڈ'' کا آغاز کیا۔ جاگو گراہک جاگو ایپ صارفین کی جانب سے آن لائن سرگرمیوں کے دوران سبھی URLs کے بارے میں ضروری ای- کامرس معلومات فراہم کرے گا تاکہ وہ کسی بھی غیر محفوظ URL کے سلسلے میں الرٹ ہوجائیں۔ اپنے پیغام میں جناب جوشی نے صارفین کے حقوق کے تحفظ کے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔

انہوں نے کہا کہ حکومت ایک محفوظ، شفاف اور قابل بھروسہ اقتصادی سرگرمیاں فراہم کرنے اور ڈجیٹل شعبے میں غیر قانونی تجارتی طور طریقوں کی نگرانی کیلئے عہد بستہ ہے۔

SB- Pralhad Joshi

صارفین کا قومی دن ہر برس 24 دسمبر کو منایا جاتا ہے جس کا مقصد ملک میں صارفین کے حقوق کا تحفظ کرنا ہے۔ X

## J&K KILLED

جموں وکشمیر میں آج پونچھ ضلع میں ایک گاڑی کے حادثے میں پانچ فوجی جوان ہلاک اور کم ازکم پانچ دیگر افراد زخمی ہوگئے۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ حادثہ Ghoda پوسٹ علاقے کے نزدیک اس وقت پیش آیا جب فوجیوں کو لے جارہی گاڑی کا ڈرائیور گاڑی پر اپنا کنٹرول کھو بیٹھا۔ سبھی زخمیوں کو علاج کیلئے نزدیک کے اسپتال میں داخل کردیا گیا ہے۔

اس دوران بچاؤ کارروائی جاری ہے۔White Knight Corps کے سبھی رینکس نے اس دردناک سانحے میں پانچ جوانوں کی دردناک موت پر گہری تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ X

## Communations Spoofed Calls

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے کہا ہے کہ اس سال اکتوبر میں کسی موبائل پر آنے والی جعلی کالز کی روک تھام سے متعلق بین الاقوامی نظام کے شروع ہونے کے بعد سے بھارتی نمبروں سے کی جانے والی Spoofed انٹرنیشنل کالز میں90 فیصد کی گراوٹ درج کی گئی ہے۔ تازہ ترین رپورٹس کے مطابق اکتوبر میں بھارتی نمبروں سے کی جانے والی بلاک کی گئی جعلی بین الاقوامی کالز کی تعداد ایک اعشاریہ تین پانچ کروڑ سے گھٹ کر 6 لاکھ ہوگئی ہے۔

ٹیلی مواصلات کے محکمے نے عوام کو اُن غیر شناخت شدہ بین الاقوامی کالز کا جواب دیتے وقت انتہائی چوکنّا رہنے کی صلاح دی ہے، جن میں یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ وہ بھارت کے کسی سرکاری ادارے سے کی جا رہی ہیں۔

شہریوں کو یہ بھی صلاح دی گئی ہے کہ وہ اس طرح کی کسی جعلی کال کے بارے میں سنچار ساتھی پورٹل پر اطلاع دیں۔ وزارت نے مزید کہا کہ جو افراد اس طرح کے سائبر جرائم کا شکار ہوئے ہیں اور کچھ رقم گنوا چکے ہیں، وہ اس معاملے کی اطلاع فوراً ہیلپ لائن نمبر 1930 یا ویب سائٹ:www.cybercrime.gov.in پر دیں۔ x

## UK PM Cristmaes

انگلینڈ کے وزیر اعظم Keir Starmar نے اپنے کرسمس پیغام میں مشرقِ وسطیٰ میں امن، اور ہر ایک کیلئے ایک بہتر، روشن مستقبل کی نیک خواہش کا اظہار کیا ہے۔ برطانیہ کے وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد تہوار سے وابستہ اپنے پہلے پیغام میں جناب Starmer نے کہا کہ وہ بالخصوص مشرقِ وسطیٰ میں امن قائم ہونے کی امید کرتے ہیں جو کہ کرسمس داستان کے جنم کا مقام ہے۔ ڈاؤننگ اسٹریٹ کے ذریعے جاری ایک ویڈیو پیغام میں جناب Starmer نے مسلح افواج اور پیش پیش رہنے والے کارکنوں کا خاص طور پر شکریہ ادا کیا جو دوسروں کی خدمت انجام دیتے ہوئے کرسمس کا دن گزاریں گے۔ x

## ADB Finance Vanuatu

ایشیائی ترقیاتی بینک نے آج کہا کہ اُس نے Vanuatu کی راجدھانی Port Vila میں آئے سات اعشاریہ تین شدت کے زلزلے سے پیدا ہوئی ہنگامی صورتحال میں امدادی کوششوں کیلئے آفات سے متعلق مالی مدد کے طور پر 50 لاکھ ڈالر مہیا کرائے ہیں۔ اس ماہ کی 17 تاریخ کو Vanuatu میں آئے سات اعشاریہ تین شدت کے زلزلے کے بعد وہاں حالات تشویشناک بنے ہوئے ہیں۔ اب تک کم از کم 14 افراد کی موت کی تصدیق ہوچکی ہے جبکہ 200 افراد زخمی ہیں۔ Vanuatu کی حکومت نے بین الاقوامی برادری سے مدد کی درخواست کی تھی۔

80 جزیروں پر مشتمل ملک Vanuatu، جنوب بحر الکاہل میں واقع ہے۔ x

## ICC Champion Trophy Schedule

بین الاقوامی کرکٹ کونسل نے آج مردوں کی ICC چمپئن ٹرافی 2025 میں کھیلے جانے والے مقابلوں کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ، اگلے سال 19 فروری سے 9 مارچ کے درمیان منعقد ہوگی۔ 1996 کے بعد یہ پہلا موقع ہے جب دفاعی چمپئن پاکستان، کسی عالمی کرکٹ ٹورنامنٹ کی میزبانی کر رہا ہے۔

پاکستان اور متحدہ عرب امارات مشترکہ طور پر اس ٹورنامنٹ کی میزبانی کر رہے ہیں۔ تمام مقابلہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات میں کھیلے جائیں گے۔

بھارت، بنگلہ دیش، نیوزی لینڈ اور پاکستان کے ساتھ گروپ۔اے میں ہے، جبکہ گروپ۔بی میں افغانستان،

آسٹریلیا، انگلینڈ اور جنوبی افریقہ کو رکھا گیا ہے۔ بھارت اپنا پہلا مقابلہ 20 فروری کو دبئی میں بنگلہ دیش کے خلاف کھیلے گا۔

ٹورنامنٹ کے مقابلہ پاکستان میں لاہور، کراچی اور راول پنڈی کے اسٹیڈیموں میں جبکہ متحدہ عرب امارات میں دبئی میں منعقد ہوں گے۔ x

☆☆☆☆